سوال

(420)امام مسجد کےلئے کن اوصاف سے متصف ہونالازمی ولابدی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

امام مسجد کےلئے کن اوصاف سے متصف ہونالازمی ولابدی ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آج کل جوامام مسجد کے کارمفوضہ ہیں۔ ان کے لحاظ سے امام مسجد کےلئے احکام نماز کا جاننا ضروری ہے۔ یعنی کیا کیا افعال ضروری ہیں۔ اور کن کن افعال سے نماز غلط یا فاسد ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ قرآت قرآنی صحیح ہوصلاحیت اعمال بھی ضروری ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے:

"اجعلوا ائمتکم خیارکم"

’’اپنا امام نیک لوگوں کو کیا کرو۔‘‘

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص601

محدث فتویٰ